دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

**شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں شمال مشرق کے طلبہ کے لیے دارالاقامہ کی تعمیر سے متعلق تجویز پر بات چیت کے لیے شمال مشرقی خطے کی فلاح و بہبود اور تعلیم کے عزت مآب مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر سوکانتا مجمدار سے ملاقات کی**

New Delhi, July 09, 2025

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ میں شمال مشرقی خطے کے طلبہ کے لیے چار سو بیڈ پر مشتمل دارالاقامہ کی تعمیر سے متعلق تجویز پر تبادلہ خیال کے لیے شمال مشرقی خطے کی بہبود اور تعلیم کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر سوکانتا مجمدار جی سے کل ملاقات کی۔

عزت مآب وزیر ڈاکٹر مجمدار نے شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پیش کردہ تجویز کو تعاون دینے سے اتفاق کیا اور وعدہ کیا کہ ان کی وزارت اسے سپورٹ کرے گی۔

پروفیسر آصف نے کہا کہ 'عزت مآب وزیر ڈاکٹر مجمدار جی کے ساتھ ہماری ملاقات کافی نتیجہ خیز رہی اور شمال مشرقی خطے کے طلبہ کے لیے جامعہ میں ہاسٹل کی تجویز کے سلسلے میں پر امید ہیں نیز یہ ہاسٹل ان طلبہ کی رہائش اور اپنی صلاحیتیں پروان چڑھانے کے لیے ایک سازگار ماحول مہیا کرے گا۔ اپنے کیریئر کو نئی بلندیاں دینے اور اپنے خوابوں کو شرمندۂ تعبیر کرنے کے لیے دہلی کا رخ کرنے والے شمال مشرقی خطے کے طلبہ کے لیے گھر سے دور یہ ایک گھر ہوگا'۔ پروفیسر آصف نے مزید کہا کہ 'یہ اقدام ملک کے دور دراز خطوں میں آباد لوگوں کی ترقی و بہبود میں تعاون دینے اور انھیں تعلیم فراہم کرنے کے یونیورسٹی کے مشن کو آگے بڑھاتا ہے'۔

پروفیسر رضوی نے کہا کہ 'ڈاکٹر مجمدار کے ساتھ ہماری ملاقات کافی اہم تھی اور اس سے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مختلف کورسیز میں زیر تعلیم شمال مشرقی خطے کے طلبہ کے لیے جامعہ کو تعلیم کا مرکز بنانے کی ہماری کوشش میں ایک نیا باب جڑے گا۔ جامعہ میں سینٹر فار نارتھ ایسٹ اسٹڈیز اینڈ پالیسی ریسرچ کا ایک مخصوص اور وقف سینٹر بھی ہے اور ہمیں امید کرتے ہیں کہ شمال مشرقی خطے کے طلبہ میں تدریس و تحقیق کی ترویج و اشاعت کے فروغ کو مزید تحریک ملے گی۔ پروفیسر رضوی نے مزید کہا کہ 'جامعہ ملیہ اسلامیہ شمال مشرقی

خطے کے طلبہ کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے اور آئندہ تعلیمی سال میں یونیورسٹی میں خطے کے اور زیادہ طلبہ کے آنے کی امید ہے'۔

شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کو پورا تعاون دینے اور ان کی تجویز کو باحسن طریق لینے کے لیے عزت مآب وزیر کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر آصف اور پروفیسر رضوی نے مزید کہا کہ ُعلاقائی، لسانی اور تہذیبی تنوع کے لیے مشہور جامعہ میں شمال مشرقی خطے کے طلبہ کے لیے مجوزہ دارالاقامہ سے کیمپس کے تکثیری کردار کو مزید فروغ ملے گا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ